Passed unanimously 23/7/2024. 5125.

(4) Passed Notice No. 55

قرارداد

یہ ایوان اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ گزشتہ دو سال کے واقعات، حادثات اور سانحات نے ثابت کیا کہ اس دھرتی کے سپوت اور دلیر بیٹے مراد سعید کی ہر بات سچ ثابت ہوئی، اس نے پوری قوم کے عظیم تر مفاد میں مملکت خداداد پاکستان کو آنے والے خطرات سے خبردار کیا تھا۔ اگست 2022 اور اکتوبر 2022 کی امن تحریک اور واقعات نے ایک طرف فیصلہ سازوں کی غلط پالیسیوں کو بے نقاب کیا تو دوسری طرف دہشت گردی کی تاریخ میں پہلی دفعہ یہ بھی پیغام ملا کہ ایک نوجوان نے قوم کو متحد کر کے ایک قطرہ خون بہائے بغیر امن کو بحال کرنے کی بھرپور کوشش کی۔

مراد سعید صاحب کی ملک سے بے لوث محبت کو غداری قرار دیا گیا اور بے جا بغاوت کے مقدمات درج کئے گئے لیکن اس نے سیاست، قومیت ،لسانیت اور مفادات سے بالاتر ہو کر اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر قوم کو متحد کرکے، پورے ملک کو امن کا پیغام دیا اور پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کرکے ثابت کیا کہ وہ حق پر تھا اور اپنے وطن کی خاطر سب کچھ کر گزرنے سے دریغ نہ کیا۔ وقت نے ثابت کیا کہ آج مالاکنڈ اور پشاور ریجن میں جو امن ہے اور لوگ اپنے گھروں میں سکون سے رہ رہے ہیں تو یہ اس نوجوان کی کاوشوں کی مرہون منت ہے

مالاکنڈ میں امن کے قیام کے بعد مراد سعید نے جنوبی اضلاع میں دہشت گردی کے آنے والی لہر کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے امن تحریک کا آغاز کیا لیکن اسکو حکومت وقت اور فیصلہ سازوں نے روپوشی پر مجبور کیا۔ اب جب وہاں حالات خراب ہو چکے ہیں اور مراد سعید کی بات ٹھیک ثابت ہوئی ہے تو اس پر بھی قوم سے معافی مانگ کر امن کے قیام کے حوالے سے واضح پالیسی دی جائے۔

لہذا یہ ایوان اسکو نہ صرف خراج تحسین پیش کرتی ہے بلکہ پرزور سفارش کرتی ہے کہ مراد سعید صاحب کےخلاف بنائے گئے تمام جعلی مقدمات ختم کر کے اسکو سیکورٹی مہیا کی جائے۔ اور امن کی بحالی و خدمات پر انکو تمغہ شجاعت سے نوازا جائے۔ کیونکہ اسوقت ضرورت اس امر کی ہے کہ اس جیسے نوجوانوں کو سراہا جائے اور انکی خدمات کو تسلیم کیا جائے۔ نیز یہ اسمبلی یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ جناب مراد سعید صاحب کو فی الفور منظر عام پر لایا جائے اور انکی سیکورٹی و حفاظت کو یقینی بنا کر تمام جعلی و بے بنیاد مقدمات ختم کیے جائیں

-

محمد سہیل آفریدی

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

Akbar Ayub

Tariq Saeed

SHAFI JAN MPA - PK 92

MPA PK 5

RESOLUTION

Session No. 5Th

Notice No. 55

Received Time: 5:25

Received Date 23/7/2024

[illegible] Mr. / Ms. [illegible] ,MPA

Receiver Sign: [signature]